Funded by the European Union

Government of Sindh

unicef for every child

# Teacher Training Module:

# Urdu

## Learning Cycle Eighteen

"تدریسِ اردو بہ ذریعۂ کھیل"

Sindh Technical Assistance – Development through Enhanced Education Programme (STA-DEEP)



STEDA · PITE · Sukkur IBA University · THE AGA KHAN UNIVERSITY

School Education & Literacy Department (SE&LD)

Government of Sindh

## Introduction and Rationale of the Training

### محترم اساتذہ!

محکمہ تعلیم اسکول وخواندگی (SL & ED) حکومت سندھ، مسلسل پیشہ ورانہ تربیت (CPD) کے پروگرام برائے اساتذہ میں آپ کو خوش آمدید کہتا ہے۔ مسلسل پیشہ ورانہ تربیت (CPD) کا یہ پروگرام برائے اساتذہ حب اسکول کلسٹر کی بنیاد پر تشکیل دیا گیا ہے۔ جو اسکول کلسٹرنگ پالیسی (نظر ثانی شدہ) 2021 اور CPD ماڈل 2022 کے تحت منعقد کیا جارہا ہے ۔
متن و مواد (Content) کی بنیاد پر تعلیمی سلسلوں (Content -Based Learning Cycles) کا یہ مرحلہ 11 سے 20 تعلیمی سلسلوں (Learning Cycles) پر مشتمل جو متن و مواد (Content) پر مبنی کمرہ جماعت کی تدریس کے حوالے سے آپ کی معلومات و مہارات میں مزید اضافے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔ ابتدائی 10 سلسلے (Learning Cycles) طریقہ ہائے تدریس میں بہتری پر مرکوز تھے تاکہ طلبہ کے لیے کمرہ جماعت کو دروں فعال (Interactive) شراکتی (Participative) اور پُر لطف بنایا جاسکے۔ تعلیمی سلسلے (Learning Cycles) نمبر 11 سے 20 ریاضی، سائنس، انگریزی، اردو اور سندھی کے مضامین میں جماعت اول تا ہشتم کے طلبہ کو کمرہ جماعت کا ایک منظّم طریقہ کار فراہم کریں گے جو جدید تدریسی تدابیر اور مذکورہ مضامین کی مؤثر معلومات سے پُر ہو گا۔

### ہمارا نصب العین

CDP پروگرام سندھ بھر کے اسکولوں میں تدریسی عمل کو بہتر بنانے کی کی جانب مرتکز ہے. تاکہ طلبہ متحرک، مل جل کر سیکھنے والے، تدریسی عمل میں درپیش مسائل حل کرنے والے اور باریک بین بن سکیں۔ اور جو تفویض کردہ کاموں کو پُر اعتماد اور تخلیقی انداز میں انجام دے سکیں۔ یہ تعلیمی سلسلے (Content-Based Learning Cycles) طلبہ کو مضامین کی معلومات واضح طور پر سمجھنے اور حاصل شدہ اس معلومات و مہارات اپنے ارد گرد کی دنیا سے مربوط کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔
اس امر کو یقینی بنانے کے لیے اساتذہ کو طریقہ ہائے تدریس اور متعلقہ مضامین کی معلومات کو کمرہ جماعت میں استعمال کے لیے بہتر طور پر تیار کرنا انتہائی ضروری ہے۔ مزید یہ کہ یہ پروگرام اسکول حب اسکول کلسٹر کے ذریعے ارد گرد اسکولوں کے اساتذہ کی سطح پر خصوصی تربیت فراہم کرے گا جو مؤثر انداز میں طلبہ کے تعلمی حاصلات (learning outcomes) میں واضح اضافے کا سبب بنے گا۔

## ہمارا فلسفہء تدریس

CPD کی تربیتی نشستیں، بہ شمول ہٰذا، شراکتی تدریسی فلسفے سے منسلک ہیں۔ یہ طریقہ مل جل کر سیکھنے کے عمل میں شرکا کی سرگرم شرکت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ جو خود انعکاسی (self - Reflecting) اور "ہم رتبہ انعکاسی" کرتے ہوئے مشق و عمل کرنے (Peer Reflection ) والوں کا ایک حلقہ تخلیق کرتا ہے۔

اس پروگرام کا مقصد تدریسی عمل میں اضافہ کیا جائے، مضامین کے مواد و معلومات کی تفہیم کو فروغ دیا جائے اور ایسی تدابیر وضع کی جائیں جو ہمیں اُس منزلِ مقصود اور نصب العین تک رسائی دے گی جہاں طلبہ سیکھے گئے تصوّرات اور حاصل کردہ معلومات کو اپنی روزمرہ زندگی میں بھرپور اعتماد اور مکمل دسترس کے ساتھ استعمال کر سکیں گے۔

## آن لائن CPD پورٹل برائے اساتذہ

ماہرین سے سوالات کرنے، تبادلۂ خیالات اور ان تعلیمی سلسلوں (Learning Cycles) کو منعقد کرنے میں اپنے تجربات اور مشکلات بیان کرنے کی غرض سے اساتذہ کے لیے آن لائن پورٹل تشکیل دیا گیا ہے۔ https://stadeep-cpd.com/

**نوٹ:** تعلمی سلسلے (Learning cycles ) محکمہ تعلیم اسکول و خواندگی (SL & ED) حکومتِ سندھ کے اشتراک سے تشکیل دیے گئے ہیں۔ جن میں پائٹ اور اسٹیڈا (STEDA-PITE) کے زیرِ نگرانی اردو کا منظور شدہ نصاب و درسی کتب برائے جماعت اوّل تا ہشتم پیشِ نظر رکھی گئی ہیں۔ اردو درسی کتاب برائے اوّل تا ہشتم بہ طور حوالہ تعلمی سلسلوں (Learning Cycle) میں استعمال کی گئی ہیں۔

## اظہارِ تشکّر

یہ کتابچہ پرووِنشل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچرایجوکیشن (PITE) کی ہدایت کی روشنی میں آئی بی اے سکھر یونی ورسٹی (Sukkur IBA University)اور آغا خان یونی ورسٹی دانسٹی ٹیوٹ فار ایجوکیشنل ڈویلپمینٹ (AKU-IED)نے تشکیل وترتیب دیا گیاہے۔اس عمل میں یونیسف(UNICEF) نے STA-DEEP کے تحت تکنیکی معاونت کی ہے۔ نیزاس کی تشکیل میں یورپی یونین (European Union) نےمالی معاونت فراہم کی ہے۔

**ہم درج ذیل معاونین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں:**

| | |
|---|---|
| جناب سید رسول بخش شاہ | ایگزیکیوٹوڈائریکٹر، سندھ ٹیچرز ایجوکیشن ڈولپمنٹ اتھارٹی(STEDA)کراچی |
| محترمہ نصرت فاطمہ کلہوڑو | ڈائریکٹر جنرل پرووِنشل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچرایجوکیشن (PIET)شہید بے نظیر آباد |
| جناب عنایت اللہ شیخ | ایڈیشنل ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف ٹیچر ز ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سندھ، حیدرآباد |
| جناب ڈاکٹر الطاف حسین سموں | ڈائریکٹر ایگزیکیوٹو ڈولپمنٹ سینٹر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی، سکھر |
| جناب ڈاکٹر تکبیر علی | ایسوسی ایٹ پروفیسر اینڈ ڈائریکٹر آؤٹ ریچ، آغا خان یونی ورسٹی، کراچی |
| جناب عبدالمجید بھُرٹ | ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف کریکولم،اسسمنٹ اینڈ ریسرچ،جام شورو |
| جناب پروفیسر محمد وسیم مغل | پرنسپل گورنمنٹ ایلی مینٹری کالج آف ایجوکیشن (وومین)،میرپورخاص |
| جناب اللہ نواز عامر چنا | سینئر انسٹرکٹر، پائٹ سندھ، نوابشاہ |

| | |
|---|---|
| جناب محمد سُہیل شیخ | موڈیول ڈیویلپر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| جناب سید کامران شاہ | پروجیکٹ کو آرڈینیٹر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| محترمہ رابعہ بتول | پروجیکٹ مینیجر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| محترمہ عبیر مقبول | ایجوکیشن مینیجر، یونیسیف |
| جناب آصف ابرار | ایجوکیشن اسپیشلسٹ، یونیسیف |
| جناب ڈاکٹر پرویز پیرزادو | ایجوکیشن آفیسر، یونیسیف |
| جناب آفتاب احمد نظامانی | نیشنل ٹیچرز پروفیشنل ڈویلپمنٹ کنسلٹنٹ، یونیسیف |

**حاصلاتِ تعلم:** اس تربیتی نشست کے اختتام پر شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ؛




- تدریسِ اردو بہ ذریعہ کھیل کا تصور اور افادیت بیان کر سکیں
- تدریسِ اردو بہ ذریعہ کھیل کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔
- تدریسِ اردو میں زبان کے مختلف پہلوؤں کو بہ ذریعہ کھیل سکھانے پر اپنی رائے، تجاویز اور طریقۂ کار بیان کر سکیں۔

## Session Plan یومیہ کارروائی

Instructional strategies/activitiesدرسی تدابیر / سرگرمیاں

| Materials/resources<br>درکار اشیاء | Activities/learning experiences<br>سرگرمیاں | Objective/purpose of the activity<br>سرگرمی کے مقاصد | Time<br>وقت |
|---|---|---|---|
|  | **ذہنی آمادگی**<br>شرکائے تربیت کو ایک دائرے میں بٹھادیں اور انھیں ایک باکس دے دیں۔<br>شرکا کو ہدایت دیں کہ میں تالی بجاؤں گا / گی اس دوران باکس آپ اپنے برابر بیٹھے ساتھی کو دیتے جائیں۔جب میں تالی بجانا بند کردوں تو جس کے پاس باکس پہنچے گا وہ اس میں سے ایک کارڈ نکالے گا اور یہ کارڈ اپنے ساتھیوں کو دکھائے گا اور اس پر لکھے ہوئے لفظ کو تیزی اور درستی سے پڑھے گا۔سب شرکا غور سے سنیں گے (کارڈ اُسی شریکِ تربیت کے پاس رہے گا)اگر وہ لفظ غلط ادا ہو تو پھر کوئی بھی چیلنجر (کلاس کا کوئی بھی شریک)اس لفظ کو درست طریقے سے پڑھے گا۔اور اس طرح تالی بجنے کے ساتھ ہی باکس پھر گردش کرے گا اور تالی رُکنے پر جس کے پاس باکس ہو گا،وہ باکس میں سے کارڈ نکال کر پڑھے گا۔اگر لفظ غلط ادا ہو گا تو کلاس میں سے کوئی بھی شریک اس لفظ کو صحیح طریقے سے پڑھ سکتا ہے۔یہ سرگرمی تمام کارڈوں کے ختم ہونے تک جاری رہے گی۔<br>ہدایات دینے کے بعد کھیل شروع کیجیے اور پھر کھیل کے اختتام پر شرکا کو بتائیے کہ تدریسِ زبان میں کھیلوں اور سرگرمیوں کی اہمیت و افادیت مسلمہ ہے ہم بحیثیت استاد زبان کے مختلف تصورات معلومات اور پہلو،ان کھیلوں کے ذریعے طلبہ کو مؤثر انداز میں سکھا سکتے ہیں۔کیونکہ کھیل طلبہ کے لیے کشش اور دلچسپی کا باعث ہوتے ہیں۔ | • تدریسِ اردو بہ ذریعہ کھیل کا تصور اور افادیت بیان کریں گے۔<br><br> | <br>20 mins |

| | | | |
|---|---|---|---|
| <br>25 Mins | • اساتذہ تدریس اردو بہ ذریعہ کھیل کو بروئے کارلاتے ہوئے مختلف سرگرمیاں سیکھ سکیں گے۔<br> | **گروہی سرگرمی (Group Activity)**<br>• شرکا کو چار گروہوں میں تقسیم کیجیے۔<br>• ہر گروپ کو اایک ایک کھیل تفویض کیجیے کہ ہینڈ آوٹ نمبر2 میں سے اپنے تفویض کردہ کھیل اوراس کی تفصیلات و طریقۂ کار کو پڑھیں، سمجھیں اور کلاس میں پیش کریں:<br>گروپ نمبر1 — الفاظ کے بکس کی گردش<br>گروپ نمبر2 — خاکے بنانا<br>گروپ نمبر3 — کارڈ کو فلیش کرنا<br>گروپ نمبر4 — لفظ کے گرد دائرہ لگایئے |  |
| 10 mins | | **BREAK** | |
| <br>15 mins | • اساتذہ تدریس اردو بہ ذریعہ کھیل کو بروئے کارلاتے ہوئے مختلف سرگرمیاں سیکھ سکیں گے۔ | **گروہی پیش کش 1(Group Presentation)**<br>تمام گروہوں (Groups) کی باری باری پیش کش کرایئے اور ہر پیش کش کے بعد اپنی تعمیری بازرسی (Constructive Feedback)فراہم کیجیے۔ |  |

| وقت | مقاصد | سرگرمی | |
|---|---|---|---|
| 20 min | اساتذہ تدریس اردو بہ ذریعہ کھیل کو بروئے کار لاتے ہوئے مختلف سرگرمیاں سیکھ سکیں گے۔  | **جوڑیوں میں کام (Pair work)**<br>• شرکا کو جوڑیوں میں تقسیم کیجیے<br>• ہر جوڑی میں ہینڈ آوٹ بہ عنوان "کھیل کھیل میں تدریس" تقسیم کیجیے۔<br>• جوڑیوں کو ہدایت دیجیے کہ ہینڈ آوٹ پڑھیں سمجھیں اور نکات تحریر کریں۔<br>• ہر جوڑی سے کہیں کہ اپنی تفہیم کے حوالے سے دو دو نکات کلاس کو بتائیں۔<br>• آخر میں اہم نکات کا خلاصہ پیش کیجیے۔ |  |
| 15 mins | • تدریسِ اردو میں زبان کے مختلف پہلوؤں کو بہ ذریعہ کھیل سکھانے پر اپنی رائے، تجاویز اور طریقۂ کار بیان کر سکیں۔ | **گروہی پیش کش 1(Group Presentation)**<br>تمام جوڑیوں کی باری باری پیش کش کرائیے اور ہر پیش کش کے بعد اپنی تعمیری باز رسی (Constructive Feedback) فراہم کیجیے۔ |  |
| 15 min |  | **اختتامی سرگرمی / اعادہ(Concluding Activity)**<br>آخر میں ایک کل جماعتی بحث Whole Class Discussion جس میں سیشن کے دوران منعقد کیے جانے والے تدریسی کھیل کے علاوہ شرکائے تربیت سے دریافت کیجیے کہ زبان کے مختلف پہلوؤں مثلاً حروفِ تہجی، ارکان الفاظ، جملوں، واحد جمع، مذکر مؤنث یا متضاد و مترادف الفاظ کے حوالے سے کون کون سے کھیل کے ذریعے سکھائے جاسکتے ہیں؟ | |

10 mins

# کھیل کھیل میں تدریس

کھیلوں سے لطف اندوز ہوناویسے توبچوں اوربڑوں دونوں کی فطرت میں شامل ہے لیکن بچے کھیلوں میں زیادہ دل چسپی لیتے ہیں۔ متن کی تدریس کے ساتھ ساتھ کھیلوں،پہلیوں اور معمّوں کی تدریس کے ذریعے غیر محسوس طور پر لسانی مہارتوں کے حصول کی کوشش کی جاتی ہے۔اس سارے عمل کو ہم کھیل کھیل میں تدریس کانام دے سکتے ہیں۔

بچوں کے روز مرّہ معمولات کواس طریقے سے ترتیب دیاجاتاہے کہ گروہی کام، کھیل کوداور دیگر مشاغل میں وقت گزاریں۔اس مرحلے پر کہانی یاپہلیاں اور لطائف سنانا بھی "کھیل کھیل"کی حکمت عملی کا حصہ ہوسکتاہے۔بچوں کوسادہ کھیلوں میں مصروف کرکے مثلاً اپنا"سر چھوئیں"ناک چھوئیں، پرندوں،بسوں اور جان وروں کی آوازیں نکالیں وغیرہ کے ذریعے اردوالفاظ کاذخیرہ مہیاکیاجاتاہے ۔ سادہ اور آسان کھیلوں کے لیے حروفِ تہجی کافلیش کارڈ،بچوں کے ناموں کے کارڈ، چیزوں کے ناموں کے کارڈ وغیرہ کے ذریعے مختلف کھیل وضع کیے جاسکتے ہیں۔

معماسازی،لُڈوکالفظی کھیل وغیرہ بھی ایسے طریقے ہیں جن سے ذخیرۂ الفاظ بڑھانے میں مدد ملتی ہے۔خاص طور پر معمّاسازی میں نہ صرف مترادف،متضاد بلکہ متلازم الفاظ بھی سکھائے جاسکتے ہیں۔

کھیل کھیل میں تدریس کاجائزہ خاموشی سے بلکہ بچوں کے ساتھ ان سرگرمیوں میں شامل ہوکر لیاجاسکتاہے۔لسانی سرگرمیوں کاچارٹ بناکر مطلوبہ اہلیتوں کی نشاندہی اور بچوں کی ان میں کارکردگی کے خانے بنائے اور پُرکیے جاسکتے ہیں۔

## بنیادی تصوراتِ زبان، کھیل کھیل میں

### کھیل نمبر 1 (الفاظ کے باکس کی گردش)

آپ بچوں کو ایک دائرے میں بٹھا دیں اور ان کو مندرجہ ذیل ہدایت دیں۔ آپ تالی بجانا شروع کریں اور آپ کی تالی کے ساتھ باکس بچوں کے ہاتھ میں گردش کرے گا۔ جب تالی بند کریں تو جس بچے کے ہاتھ میں بکس پہنچا وہ اس میں سے کارڈ نکالے گا۔ وہ یہ کارڈ اپنے ساتھیوں کو دکھائے گا اور اس پر دیے گئے لفظ کو تیزی سے پڑھے گا۔ سب بچے غور سے سنیں گے (کارڈ اسی بچے کے پاس رہے گا) اگر وہ لفظ غلط ادا ہو تو پھر کوئی اور چیلنجر (کلاس کا کوئی بھی بچہ) اس لفظ کو صحیح طریقے سے پڑھے گا۔ آپ پھر تالی بجائیں گے اور اس طرح تالی رکنے پر دوسرا بچہ باکس میں سے ایک کارڈ اٹھائے گا وہ کارڈ پوری کلاس کو دکھائے گا اور اس پر لکھے ہوئے لفظ کو پڑھے گا۔ سب بچے غور سے سنیں گے۔ کارڈ اس بچے کے پاس رہے گا۔ اگر وہ لفظ غلط ادا ہو تو پھر کوئی بھی اس لفظ کو صحیح طریقے سے پڑھے گا۔ یہ سرگرمی تمام کارڈوں کے ختم ہونے تک جاری رکھیں۔ یہ سرگرمی چھوٹے گروہوں میں بچے خود بھی کر سکتے ہیں۔

### کھیل نمبر 2 (خاکے بنانا)

آپ بچوں کو سمجھائیں کہ انھیں کتاب میں دی ہدایات کی مدد سے خاکے بنانے ہیں۔ آپ بچوں سے متعلقہ صفحہ کھولنے کے لیے کہیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ انفرادی طور پر باری باری ہدایت پڑھیں انھیں پڑھنے کے لیے کچھ وقت دیں۔ اس دوران آپ کلاس میں گھوم پھر کر بچوں کی رہ نمائی کرتے رہیں۔ جب بچے یہ ہدایت پڑھ لیں تو ان سے پوچھیں کہ انھیں کیا کرنا ہے۔ کوئی سے دو رضاکار بچوں کو دعوت دیں کہ وہ آ کر ان ہدایت کے مطابق خاکے بنائیں۔ ایک بچہ آہستہ آہستہ ہدایات پڑھے گا اور دوسرا بچہ ان ہدایات کی روشنی میں خاکہ بنائے گا۔ آپ اس دوران ان کی مناسب رہ نمائی کرتے رہیں۔ جب بچہ تختہ تحریر پر خاکے بنا لے تو باقی بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے اپنے گروپ میں بیٹھ کر اپنی اپنی کتابوں میں اس طریقے کے مطابق خاکے بنائیں۔ جب بچے خاکے بنا لیں تو پھر انھیں ان خاکوں میں رنگ بھرنے کو کہیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ خاکوں کے نیچے اپنا نام لکھیں۔ آپ بچوں سے یہ خاکے لے کر ان کی نمائش کریں اور بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

### کھیل نمبر 3 (فلیش کارڈ)

آپ کلاس کے سامنے کھڑے ہو جائیں۔ بچوں سے کہیں کہ آپ ان کے سامنے کارڈ فلیش کریں گے اور جتنا جلد ہو سکے وہ کارڈ پر لکھے ہوئے لفظ کو پڑھیں گے۔ اسی طرح آپ تمام کارڈ باری باری فلیش کریں گے۔ اب کارڈ کی پشت دکھائیں (لفظ چھپاتے ہوئے) ان سے کہیں کہ اندازہ لگائیں کہ اس کارڈ پر کون سا لفظ لکھا ہوا ہے (بچے بوجھتے ہیں) موازنہ کرنے کے لیے انھیں کارڈ پر لکھا ہوا لفظ دکھائیں۔ ایک ایک کارڈ اپنے ہاتھ میں لیتے ہوئے اپنے اپنی کمر کے پیچھے رکھیں۔ اب باری باری تیزی سے کارڈ دکھاتے جائیں (بچے تیزی سے کارڈ پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھتے رہیں گے)۔ یہ طریقہ دوسرے الفاظ کے کارڈ کے ساتھ بھی دہرائیں۔

### کھیل نمبر 4 (لفظ کے گرد دائرہ لگانا)

آپ تختۂ تحریر پر متعلقہ عنوان سے متعلق الفاظ لکھیں۔ الفاظ لکھتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ بچے اس تک پہنچ سکتے ہوں۔ آپ پہلے بچوں کو کھیل کے اُصول سمجھائیں۔ کلاس کے دو دو بچے باری باری یہ کھیل کھیلیں گے۔ آپ بورڈ سے پانچ قدم کے فاصلے پر زمین پر ایک لکیر کھینچیں گے اور کوئی دو رضاکار بچوں کو بلائیں۔ انھیں کہیں کہ وہ اس لکیر کے اوپر کھڑے ہو جائیں۔ دونوں بچوں کو ایک ایک چاک دیں۔ آپ ایک دو تین تک گنتی بولیں۔ تین پر پہنچ کر آپ کوئی لفظ پکاریں مثلاً خرگوش، بچے جلدی سے دوڑ کر اپنی سمت میں تختۂ تحریر پر خرگوش کے گرد دائرہ لگائیں گے اور جلدی سے اپنی جگہ پر واپس آجائیں گے۔ اس طرح تمام الفاظ کے اختتام تک یہ کھیل جاری جاری رکھیں۔ دونوں بچوں کے پوائنٹس گن لیں اور سب سے زیادہ اسکور کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

نوٹ: یہ کھیل نئے الفاظ یا انھی الفاظ کے ساتھ دوبارہ بھی کھیلا جاسکتا ہے۔

## For Reference: لرننگ سائیکل کی فہرست برائے حوالہ

| لرننگ سائیکل | عنوانات |
|---|---|
| 1 | سننا |
| 2 | بولنا |
| 3 | پڑھنا |
| 4 | پڑھنا |
| 5 | لکھنا |
| 6 | زبان شناسی |
| 7 | تقریر |
| 8 | تنقید و استحسان |
| 9 | تخلیقی تحریر |
| 10 | مہارات حیات |
| 11 | اوصافِ خوش خوانی |
| 12 | اقسام الفاظ |
| 13 | تدریسِ املا و خوش خطی |
| 14 | تدریسی معاونات و سرگرمیاں |
| 15 | تدریسِ نظم |
| 16 | تدریسِ مطالعہ |
| 17 | تدریسِ مضمون نویسی |
| 18 | تدریسِ اردو بہ ذریعۂ کھیل |
| 19 | تدریسِ اردو میں ٹیکنالوجی کا استعمال |
| 20 | سوالات و آزمائش |

**Contact email address:**
kamranshah@iba-suk.edu.com

**School Education & Literacy Department (SE&LD)**

**Government of Sindh**